2019年5月18日ジャング紙ラホール版1面

مشکل معاشی صورتحال سے جلد نکل جائینگے، اہم فیصلے کئے، آئندہ چند ماہ میں بہتر نتائج ملیں گے، عمران خان

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس

آلودگی پر قابو پانے کیلئے گرین اکانومی، 30 فیصد گاڑیاں بجلی سے چلانے، سموگ پر پالیسی بنانے کا فیصلہ

14 اگست تک اسلام آباد میں پلاسٹک بیگز پر پابندی، گرین رکشا چلائینگے، بھوسا جلانے کی بجائے کاغذ کے کارخانے کو فروخت کیا جائیگا، بجلی پر گاڑیاں چلانے سے ایندھن پر زرمبادلہ میں بچت ہوگی، امین اسلم

تھر منصوبے کو کامیاب بنانے میں ہر ممکنہ مدد فراہم کرینگے، عمران خان، سربراہ پاک فضائیہ اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ملاقات، یو اے ای کی جانب سے 572 پاکستانی قیدی رہا کرنے پر وزیر اعظم کا اظہار تشکر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر، اپنے نامہ نگار سے، نیوز ایجنسیاں) وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس میں آلودگی پر قابو پانے کیلئے گرین اکانومی، 30 فیصد گاڑیاں بجلی سے چلانے، اسموگ پر پالیسی بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، 14 اگست تک اسلام آباد میں پلاسٹک بیگز پر پابندی لگادی جائیگی، گرین رکشا چلایا جائیگا، بھوسا جلانے کی بجائے کاغذ کے کارخانے کو فروخت کیا جائیگا، وزیر اعظم کے مشیر ماحولیات ملک امین اسلم نے کہا ہے کہ بجلی پر گاڑیاں چلانے سے ایندھن پر زرمبادلہ میں بچت ہو گی، جبکہ وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مشکل معاشی صورتحال سے جلد نکل جائینگے 'اہم فیصلے کئے' آئندہ چندماہ میں بہتر نتائج ملیں گے، تھر منصوبے میں سندھ حکومت سے ہر ممکن تعاون کرینگے، گزشتہ روز وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت وزیرِ اعظم کمیٹی برائے ماحولیاتی تبدیلی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں ماحولیاتی تبدیلیوں سے متعلقہ امور پر غور ہوا، مشیر ماحولیات ملک امین اسلم نے وزیرِ اعظم کو الیکٹرک وہیکل پالیسی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ سے جہاں تیل کی درآمدات میں کمی آئے گی وہاں ماحولیاتی نقصانات پر قابو پانے میں بھی خاطر خواہ مدد ملے گی، سرمایہ کاری کے نئے مواقع میسر آئیں گے، بابر اعوان نے کہا کہ قوم مشکل معاشی حالات میں حکومت اور وزیر اعظم کے ساتھ کھڑی ہے۔ حالیہ سروے اور عوامی رائے حکومتی فیصلوں کے حق میں ہیں۔ حکومت درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے※ وقت فیصلوں کو درست ثابت کرے گا※ بابر اعوان نے کہا کہ شریفوں اور زرداریوں نے ملک پر رحم کیا ہوتا تو آج ایسے حالات نہ ہوتے※ ملکی وسائل کو حس بے دردی سے لوٹا اور نوچا گیا اس کا حساب دینا ہو گا۔